ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis کریں ملاحظہ

# Tdap (تشنج، خناق، کالی کھانسی) کی ویکسین: آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**Tdap کی ویکسین تشنج**، **خناق**، اور **کالی کھانسی** سے بچا سکتی ہے۔

خناق اور کالی کھانسی ایک شخص سے دوسرے شخص میں پھیلتے ہیں۔ تشنج جسم میں کٹس یا زخموں کے ذریعے داخل ہوتا ہے۔

- **تشنج (ٹیٹنس) (TETANUS, T)** پٹھوں کی دردناک اکڑن کا سبب بنتا ہے۔ تشنج صحت کے سنگین مسائل کا باعث بن سکتا ہے، بشمول منہ کھولنے سے قاصر ہونا، نگلنے اور سانس لینے میں دشواری، یا موت۔
- **خناق (DIPHTHERIA, D)** سانس لینے میں دشواری، دل کی ناکامی، فالج یا موت کا باعث بن سکتا ہے۔
- **پرٹیوسس (PERTUSSIS, aP)**، جسے "کالی کھانسی" بھی کہا جاتا ہے، بے قابو، پرتشدد کھانسی کا سبب بن سکتی ہے جو سانس لینے، کھانے یا پینے میں دشواری کا باعث بنتی ہے۔ کالی کھانسی (Pertussis) خاص طور پر شیرخواروں اور چھوٹے بچوں میں انتہائی سنگین ہو سکتی ہے، جس سے نمونیا، تشنج، دماغ کو نقصان، یا موت واقع ہو سکتی ہے۔ نوعمروں اور بالغوں میں، یہ وزن میں کمی، مثانے کے کنٹرول میں کمی، باہر نکلنے اور شدید کھانسی سے پسلیوں کے ٹوٹنے کا سبب بن سکتی ہے۔

## 2. Tdap کی ویکسین

Tdap صرف 7 سال اور اس سے زیادہ عمر کے بچوں، نوعمروں اور بالغوں کے لیے ہے۔

**نوعمروں** کو Tdap کی واحد خوراک ملنی چاہیے، ترجیحاً 11 یا 12 سال کی عمر میں۔

**حاملہ خواتین کو** ہر حمل کے دوران Tdap کی ایک خوراک لینی چاہیے، ترجیحاً تیسری سہ ماہی کے ابتدائی حصے میں، تاکہ نوزائیدہ کو پرٹیوسس (کالی کھانسی) سے بچایا جا سکے۔ شیر خوار بچوں کو کالی کھانسی سے شدید، جان لیوا پیچیدگیوں کا سب سے زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

**بالغوں** کو جنہوں نے کبھی Tdap حاصل نہیں کی انہیں Tdap کی خوراک لینی چاہیے۔

اس کے علاوہ، **بالغوں کو یا تو Tdap یا Td کی بوسٹر خوراک ملنی چاہیے** (ایک مختلف ویکسین جو تشنج اور خناق سے بچاتی ہے لیکن کالی کھانسی سے نہیں) **ہر 10 سال بعد**، یا شدید یا گندے زخم یا جلنے کی صورت میں 5 سال بعد۔

Tdap دوسرے ٹیکوں کے ساتھ ایک ہی وقت میں بحفاظت دی جا سکتی ہے۔

## 3. اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کنندہ کو بتائیں اگر جو شخص ویکسین لے رہا ہے اسے:

- **کسی بھی ویکسین کی پچھلی خوراک کے بعد ایک الرجی زا ردِعمل ہوا ہو جو تشنج، خناق، یا کالی کھانسی سے حفاظت کرتا ہو**، یا کوئی **شدید ہو جان لیوا الرجیاں**
- کسی بھی **کالی کھانسی کی ویکسین (DTP ،DTaP، یا Tdap) کی پچھلی خوراک کے بعد 7 دنوں کے اندر کوما، شعور کی سطح میں کمی، یا طویل دورے پڑ گئے ہوں**
- کوئی **دورے یا اعصابی نظام کا کوئی اور مسئلہ ہو**
- کبھی **Guillain-Barré Syndrome** (جسے "GBS" بھی کہا جاتا ہے) رہا ہو
- **کسی بھی ایسی ویکسین کی پچھلی خوراک کے بعد شدید درد یا سوجن ہو، جو تشنج یا خناق سے بچاتی ہے**

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ مستقبل کی کسی ملاقات تک Tdap ویکسینیشن کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے۔ جو لوگ تھوڑے بہت یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر Tdap ویکسین لگوانے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

## 4. ویکسین کے ردِعمل کے خطرات

- Tdap ویکسینیشن کے بعد ٹیکہ لگنے کی جگہ پر درد، لالی، یا سوجن ہو سکتی ہے، ہلکا بخار، سر درد، تھکاوٹ کا احساس، اور متلی، قے، اسہال، یا کبھی کبھی پیٹ میں درد ہوتا ہے۔

لوگ بعض اوقات طبی طریقہ کار، بشمول ویکسینیشن کے بعد بےہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو چکر آ رہا ہے یا آپ کی بصارت میں تبدیلی آئی ہو یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہوں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ویکسین کے شدید الرجی زا ردِعمل، دیگر سنگین چوٹ، یا موت کا باعث بننے کا بہت کم امکان ہوتا ہے۔

## 5. اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہو گا؟

ویکسین شدہ شخص کے کلینک سے نکلنے کے بعد الرجی زا ردِعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردِعمل کی علامات نظر آئیں (چھپاکی، چہرے اور گلے میں سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی تیز دھڑکن، چکر آنا، یا کمزوری)، تو **9-1-1** کو کال کریں اور اس شخص کو قریبی ہسپتال لے جائیں۔

دیگر ایسی علامات کے لیے، جو آپ کے لیے تشویش کا باعث ہوں، اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

ویکسین کے ناموافق واقعہ کے رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو منفی ردِعمل کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ عام طور پر یہ رپورٹ درج کرائے گا، یا آپ خود بھی کرا سکتے ہیں۔ VAERS ویب سائٹ www.vaers.hhs.gov ملاحظہ کریں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS صرف ردِعمل کی اطلاع دینے کے لیے ہے، اور VAERS کے عملے کے اراکین طبی مشورہ نہیں دیتے ہیں۔*

## 6. نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام

نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) ایک وفاقی پروگرام ہے جو ان لوگوں کو معاوضہ دینے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا جنہیں کچھ ویکسینوں سے ضرر پہنچا تھا۔ ویکسینیشن کی وجہ سے مبینہ چوٹ یا موت کے حوالے سے دعوے دائر کرنے کے لیے ایک وقت کی حد ہے، جو دو سال تک مختصر ہو سکتی ہے۔ پروگرام کے بارے میں جاننے اور دعوی دائر کرنے کے بارے میں VICP کی ویب سائٹ www.hrsa.gov/vaccinecompensation ملاحظہ فرمائیں یا **1-800-338-2382** پر کال کریں۔

## 7. میں مزید کیسے جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو کال کریں۔
- ویکسین پیکج کی پرچی اور اضافی معلومات کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں www.fda.gov/vaccines-blood-biologics/vaccines۔
- بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) سے رابطہ کریں:
  - کال کریں **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر یا
  - CDC کی ویب سائٹ www.cdc.gov/vaccines ملاحظہ کریں۔